## 833 - چھوٹے دنوں کے روزے

### سوال

میں کرہ ارضی کے دائرہ قطب شمالی کے قریب رہائش پذیر ہوں جہاں پر دن صرف ساڑھے چار گھنٹے کا ہوتا ہے تو ہم رمضان میں روزے کا کیا کریں ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر آپ کے ملک میں دن اور رات میں امتیاز پایا جاتا ہے تو آپ پر یہ لازم ہے کہ آپ طلوع فجر سے لے کے غروب شمس تک روزہ رکھیں چاہے دن چھوٹا ہو یا بڑا ۔

اللہ تعالی آپ کو اور ہمیں اپنی اطاعت اور بہتر عبادت کرنے کی توفیق عطا فرمائے ۔

استفادہ اور زیادہ وضاحت کے لئے آپ سوال نمبر (1730) کا مراجعہ ومطالعہ کریں ۔

واللہ تعالی اعلم .